علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: مطالعہ متن حدیث(3960) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ (درس نظامی)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1 تا4)

سوال نمبر1- موطا امام مالک کی کتاب اللباس کی روشنی میں لباس کے احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2- یونٹ نمبر میں کتاب حسن الخلق کے تحت مذکور احادیث کا سلیس ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3- یونٹ نمبر دو میں موطا امام محمد کی کتاب البیوع میں مذکور روایات کی روشنی میں خرید و فروخت کے احکام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4- یونٹ نمبر تین کے مضامین کا خلاصہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5- امام طحاوی کی علمی خدمات پر جامع مضمون قلمبند کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5 تا9)

سوال نمبر1۔ شرح معانی الآثار کی کتاب الصیام میں مذکور احکام پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ مسند امام ابو حنیفہ میں مذکور ثنائیات کا سلیس ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ مسند امام احمد میں مذکور خلفاء راشدین کی مرویات کا سلیس ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ جنازے کے آداب امام عبد الرزاق کی روایات کی روشنی میں قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ یونٹ نمبر نو کے مضامین کا جامع خلاصہ سپرد قلم کریں۔ (20)